غیر متوقع طبی بلوں کے خلاف آپ کے حقوق اور تحفظات

جب آپ کسی اندرون نیٹ ورک سہولت گاہ، بشمول اسپتال یا ایمبولیٹری سرجیکل سنٹر پر نیٹ ورک سے باہر کے فراہم کنندہ سے ہنگامی نگہداشت حاصل کرتے یا علاج کرواتے ہیں، تو آپ کو بیلنس بلنگ سے تحفظ حاصل ہوتا ہے۔ ان صورتوں میں، آپ سے آپ کے منصوبے کی شریک ادائیگیوں، شریک بیمہ اور/یا قابلِ کٹوتی رقم سے زائد چارج نہیں کیا جانا چاہیے۔

«بیلنس بلنگ» کیا ہے (جسے بعض اوقات «غیرمتوقع بلنگ» بھی کہا جاتا ہے)؟

جب آپ کسی ڈاکٹر یا نگہداشتِ صحت کے کسی اور فراہم کنندہ سے معائنہ کرواتے ہیں، تو ممکنہ طور پر آپ پر بعض اپنی جیب سے کی جانے والی لاگتیں، جیسے شریک ادائیگی، شریک بیمہ، یا قابلِ کٹوتی رقم واجب الادا ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ کسی ایسے فراہم کنندہ کو دکھاتے یا نگہداشتِ صحت کی کسی ایسی سہولت گاہ کا دورہ کرتے ہیں جو آپ کے صحت کے منصوبے کے نیٹ ورک کا حصہ نہ ہو، تو ممکن ہے کہ آپ پر کچھ اضافی لاگتیں عائد ہوں یا آپ کو مکمل بل ادا کرنا پڑے۔

«نیٹ ورک سے باہر» سے مراد ایسے فراہم کنندگان اور سہولت گاہیں ہیں کہ جنہوں نے آپ کے صحت کے منصوبے کے ساتھ خدمات کی فراہمی کے سلسلے میں کوئی باضابطہ معاہدہ نہیں کیا ہے۔ نیٹ ورک سے باہر کے فراہم کنندگان کو ان کی خدمت کے عوض لی جانے والی کل رقم میں سے آپ کے منصوبے کی جانب سے ادا کی جانے والی رقم کو وضع کر کے بچ رہنے والی لاگت آپ سے وصول کرنے کی اجازت ہو سکتی ہے۔ اسے «بیلنس بلنگ» کہا جاتا ہے۔ یہ رقم زیادہ تر اسی خدمت کی اندرون نیٹ ورک لاگتوں سے زیادہ ہو سکتی ہے اور ممکن ہے کہ آپ کے منصوبے کی قابلِ کٹوتی رقم یا سالانہ اپنی جیب سے ہونے والے خرچ کی حد میں شمار نہ ہو۔

«غیرمتوقع بلنگ» ایک ایسا بیلنس بل ہے جس کی امید نہ کی گئی ہو۔ ایسا تب ہو سکتا ہے کہ جب آپ کا اس امر پر اختیار نہ ہو کہ آپ کی نگہداشت میں کون شامل ہے، جیسے جب آپ کسی ہنگامی صورتحال سے دوچار ہوں یا جب آپ کسی اندرون نیٹ ورک سہولت گاہ میں ملاقات طے کریں لیکن غیرمتوقع طور پر آپ کا علاج کسی نیٹ ورک سے باہر کے فراہم کنندہ کی جانب سے کر دیا جائے۔ غیرمتوقع طبی بلز کی لاگت معالجاتی طریقے یا خدمت کی بنیاد پر ہزاروں ڈالرز تک ہو سکتی ہے۔

آپ کو بیلنس بلنگ سے درج ذیل ضمن میں تحفظ حاصل ہے:

ہنگامی خدمات

اگر آپ کو کسی ایمرجنسی طبی کیفیت کا سامنا ہے اور آپ کسی نیٹ ورک سے باہر کے فراہم کنندہ یا سہولت گاہ، بشمول اسپتال یا ایمبولیٹری سرجیکل مرکز سے ہنگامی خدمات حاصل کرتے ہیں، تو وہ آپ سے زیادہ سے زیادہ آپ کے منصوبے کی اندرون نیٹ ورک لاگت کے اشتراک کی رقم (جیسے کہ شریک ادائیگیوں، شریک بیمہ، اور قابلِ کٹوتی رقم) جتنا ہی بل لے سکتے ہیں۔ آپ سے ان ہنگامی خدمات کے عوض بیلنس بل نہیں دیا جا سکتا۔ اس میں وہ خدمات شامل ہیں جو آپ کو شاید حالت سنبھلنے کے بعد حاصل ہوں، ماسوائے کہ آپ تحریری رضامندی دیں اور حالت سنبھلنے کے بعد کی ان خدمات کے عوض بیلنس بل نہ لیے جانے کے اپنے تحفظات سے دستبردار ہو جائیں۔

فلوریڈا قانون کے حوالے سے معلومات براہ کرم ذیل میں ملاحظہ کریں۔

کسی اندرون نیٹ ورک سہولت گاہ میں بعض خدمات

جب آپ کسی اندرون نیٹ ورک سہولت گاہ، بشمول اسپتال یا ایمبولیٹری سرجیکل مرکز سے خدمات حاصل کرتے ہیں، تو وہاں موجود کئی فراہم کنندگان نیٹ ورک سے باہر کے ہو سکتے ہیں۔ ان صورتوں میں، وہ فراہم کنندگان آپ سے زیادہ سے زیادہ جو بل لے سکتے ہیں وہ آپ کے منصوبے کی اندرون نیٹ ورک لاگت کے اشتراک کی رقم جتنی ہی ہو سکتی ہے۔ اس کا اطلاق ہنگامی ادویات، اینستھیزیا، پیتھالوجی، ریڈیالوجی، لیبارٹری، نیونیٹولوجی، اسسٹنٹ سرجن، اسپتال داخل ہونے، یا شدید بیماری سے متعلقہ خدمات پر ہوتا ہے۔ یہ فراہم کنندگان آپ سے بلنس بل نہیں لے سکتے اور ممکنہ طور پر آپ کو مجبور نہیں کر سکتے کہ آپ بیلنس بل نہ لیے جانے کے اپنے تحفظات سے دستبردار ہو جائیں۔

گر ان اندرون نیٹ ورک سہولت گاہوں میں آپ دیگر اقسام کی خدمات حاصل کرتے ہیں، تو نیٹ ورک سے باہر کے فراہم کنندگان درج ذیل کام نہیں کر سکتے آپ سے تب تک بیلنس بل نہیں لے سکتے، جب تک کہ آپ تحریری رضامندی نہ دے دیں اور اپنے تحفظات سے دستبردار نہ ہو جائیں۔

AdventHealth
feel whole.

آپ سے بیلنس بلنگ کے ضمن میں خود کو حاصل تحفظات سے دستبردار ہونے کا تقاضا ہرگز نہیں کیا جاتا۔ آپ سے نیٹ ورک سے باہر سے نگہداشت حاصل کرنے کا تقاضا بھی نہیں کیا جاتا۔ آپ اپنے منصوبے کے نیٹ ورک میں سے فراہم کنندہ یا سہولت گاہ کا چُناؤ کر سکتے ہیں۔

فلوریڈا قانون کے حوالے سے معلومات براہ کرم ذیل میں ملاحظہ کریں

جب بیلنس بلنگ کی اجازت نہ ہو، تب آپ کو یہ تحفظات بھی حاصل ہوتے ہیں:

- آپ صرف اپنے حصے کی لاگت ادا کرنے کے ذمہ دار ہیں (جیسے شریک ادائیگیاں، شریک بیمہ، اور قابلِ کٹوتی رقم جو آپ اس صورت میں ادا کریں گے کہ اگر فراہم کنندہ یا سہولت گاہ اندرون نیٹ ورک ہو)۔ نیٹ ورک سے باہر کے فراہم کنندگان اور سہولتی مراکز کو کوئی بھی اضافی لاگتیں براہ راست آپ کا صحت کا منصوبہ ادا کرے گا۔

- عام طور پر، آپ کے صحت کے منصوبے کو لازماً:
  - ہنگامی خدمات کا احاطہ آپ سے خدمات کی پیشگی منظوری کے حصول (جسے «پیشگی اجازت» بھی کہتے ہیں) کا تقاضا کیے بغیر کیا جانا چاہیے۔
  - نیٹ ورک سے باہر کے فراہم کنندگان کی جانب سے فراہم کردہ ہنگامی خدمات کا احاطہ کرنا چاہیے۔
  - آپ کے ذمے فراہم کنندہ یا سہولت گاہ کی کون سی لاگت واجب الادا ہوتی ہے (لاگت کا اشتراک) اس کا تعین اس بنیاد پر کیا جانا چاہیے کہ یہ کسی اندرون نیٹ ورک فراہم کنندہ یا سہولت گاہ کو کتنی ادائیگی کرے گا اور آپ کے فوائد کی تفصیلی وضاحت میں وہ رقم ظاہر ہونی چاہیے۔
  - کوئی بھی رقم جو آپ ہنگامی خدمات یا نیٹ ورک سے باہر کی خدمات کے عوض ادا کریں اسے آپ کی اندرون نیٹ ورک قابلِ کٹوتی رقم اور اپنی جیب سے کیے جانے والے خرچ کی حد میں شمار کرنا چاہیے۔

فلوریڈا قانون

فلوریڈا قانون میں عام طور پر بیلنس بلنگ کے ویسے ہی تحفظات شامل ہیں جیسے نو سرپرائزز ایکٹ میں ہیں (جیسا کہ اس نوٹس میں بیان کردہ ہیں)، ماسوائے کہ اگر آپ کے پاس کوئی خاص قسم کا صحت کا منصوبہ ہے (یعنی مکمل فنڈ کردہ کمرشل منصوبہ جات، جیسے ترجیحی فراہم کنندہ («PPO») یا مخصوص فراہم کنندہ («EPO») کے منصوبہ جات)، تو آپ کا فراہم کنندہ آپ سے آپ کی اندرون نیٹ ورک، لاگت کے اشتراک کی رقم سے زیادہ بل نہیں دے سکتا چاہے آپ نے رضامندی ہی کیوں نہ فراہم کی ہو۔ اگر آپ کا منصوبہ ان منصوبہ جات میں سے کوئی ایک ہو، تو فلوریڈا بیلنس بلنگ کے تحفظات کو کسی فوری نگہداشت کے مرکز پر فراہم کردہ احاطہ شدہ ہنگامی اور غیر ہنگامی خدمات تک توسیع بھی دے سکتا ہے۔ اگر آپ کو اس بارے میں اندازہ نہیں ہے کہ آپ کا منصوبہ ان منصوبہ جات میں سے آیا کوئی ہے، تو براہ کرم اپنا بیمہ کارڈ دیکھیں، اپنے بیمہ کیریئر کو کال کریں یا AdventHealth مریض کی مالیاتی خدمات سے 1-800-952-5462 پر رابطہ کریں۔

اگر آپ کے خیال میں آپ سے غلط بل لیا گیا ہے، تو HHS نو سرپرائزز ہیلپ ڈیسک سے ۱-۸۰۰-۹۸۵-۳۰۵۹ پر رابطہ کریں، جو کہ ایک ایسا ادارہ ہے جو وفاقی بیلنس یا سرپرائز بلنگ کے تحفظ کے قوانین کے نفاذ کا ذمہ دار ہے۔ وفاقی قانون کے تحت اپنے حقوق کے بارے میں مزید معلومات کے لیے www.cms.gov/nosurprises/consumers ملاحظہ کریں۔

فلوریڈا کے پاس دعووں سے متعلقہ مسائل، بشمول اپنے فراہم کنندہ یا انشورنس کے منصوبے کے ساتھ غیرموزوں بیلنس بلنگ کی وصولی کے حوالے سے تنازعات کو حل کرنے کے لئے تنازعاتی حل کا آزادانہ عمل بھی موجود ہے۔ اگر آپ کو اپنے فراہم کنندہ کی جانب سے نامناسب بیلنس بل موصول ہوا ہے، تو آپ فلوریڈا کے محکمہ زراعت و صارفین کی خدمات سے https://www.fdacs.gov/# پر جا کر شکایت بھی درج کروا سکتے ہیں۔ اگر آپ کو اپنے بیمہ کار کی جانب سے نامناسب بیلنس بل موصول ہوا ہے، تو آپ فلوریڈا کے دفتر برائے انشورنس ضابطہ کاری، محکمۂ مالیاتی خدمات میں بھی، https://myfloridacfo.com/division/consumers/ پر شکایت درج کروا سکتے ہیں۔

21-LSFL-13675